06اکتوبر2025ء

## وضاحت

یہ وضاحت زیرِ گردش اس خبر کے جواب میں ہے کہ پاکستان دفتر شماریات (پی بی ایس) کے تجارت سے متعلق ڈیٹا پر حالیہ نظر ثانی کی بنا پر اسٹیٹ بینک کے تجارت سے متعلق ڈیٹااور کرنٹ اکاؤنٹ بیلنس کے اعداد و شمار پر بھی اسی قسم کی نظر ثانی کی جائے گی۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان یہ وضاحت کرنا چاہتا ہے کہ تجارت سے متعلق اسٹیٹ بینک کا ڈیٹادراصل تجارتی ادائیگیوں کے بارے میں بینکوں سے موصول ہونے والے ڈیٹا کی بنیاد پر مرتب کیا جاتا ہے، چنانچہ اسٹیٹ بینک کرنٹ اکاؤنٹ بیلنس کا جو ڈیٹا شائع کر چکا ہے اس میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں ہو گی۔ البتہ معمولی تبدیلیاں بدستور آسکتی ہیں۔ یہ وضاحت وسیع تر مفادِ عامہ میں شائع کی جا رہی ہے۔

****